RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۵ روز دوشنبہ تاریخ ۳ - فروری ۱۸۹۰ء مطابق جمادی الثانی ۱۳۰۷ھ جلد ۲

حکم وائس پریزیڈنٹ کونسل

یکم فروری ۱۸۹۰ء کو حکم ہوا کہ استعفا مولوی نجم الغنی خان کا منظور ہے —

احکام ضابطہ جاری ہوں

احکام جوڈیشل ممبر کونسل

اضافہ

۲۸ - جنوری سنہ ۱۸۹۰ع - حسب منظوری جناب سپرنٹنڈنٹ پولیس اشخاص تحت کا اضافہ یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ع سے حسب ذیل عمل میں آیا ہے -

منشی لیاقت حسین جیلر ۵ ماہوار	خدا بخش معلم محبس ۱۵ ماہوار

علاء الدین طبیب متعینہ جیل ۶ ماہوار

تقرر

۲۸ - جنوری سنہ ۱۸۹۰ع - حسب تجویز صاحب ڈائرکٹر مہتمم سررشتہ تعلیم تقرر ذیل یکم جنوری سے عمل میں آیا -

۱ - اسمٰعیل خان مدرس مدرسہ موضع ... تحصیل ... بشاہرہ سے ماہوار

۲ - عبدالغفار مدرس مدرسہ نہان حضور تحصیل بشاہرہ ماہوار

۳ - دوارکا داس مدرس مدرسہ موضع رجلہ دیوان مسلوسی پرگنہ ... بشاہرہ ماہوار

۴ - سراج احمد نائب مدرس مدرسہ ... بشاہرہ ماہوار

احکام ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

۲۹ - جنوری سنہ ۱۸۹۰ع - ملازمان سررشتہ دیوانی حضور کا اضافہ بتفصیل ذیل منظور ہوا یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ع سے

لالہ افضل بہادر	دو روپیہ
لالہ شیام سندر	دو روپیہ
لالہ جانکی پرشاد	دو روپیہ
لالہ متھرا پرشاد	ایک روپیہ

۲۹ - جنوری سنہ ۱۸۹۰ع - ٹیکارام محرر سررشتہ بخشگری کا یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ع سے ایک روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور ہوا

موقوفی

۲۸ - جنوری سنہ ۱۸۹۰ع - قاضی محمد حسن منصرم چاہات بوجہ عدم کار چاہات یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ع سے موقوف ہوا

۲۸ - جنوری سنہ ۱۸۹۰ع - عرائض جو اس اجلاس میں گذرتے ہیں مختلف نمونہ پر اور بہت طولانی ہوتی ہیں اور کہیں خلاصہ نہیں ہوتا ہے - لہذا پیشانی پر ایک نقشہ تجویز کر دیا ہے جس میں نام موضع و پرگنہ و نام متخاصمین و نوعیت مقدمہ درج ہو اور نیز یہ تصریح بھی ہو کہ پہلے بھی یہ مقدمہ دائر ہے اگر ہے تو کس اجلاس میں سررشتہ دار حضور نمونہ منظور شدہ

بنابر اطلاع ہر خاص و عام درج گزٹ کرادین —
اور نمونہ نقشہ پاس مہتمم مطبع بہیجکر لکہا جاوے
کہ ہم راہ ہر رکاب اسٹامپ خزانچی صدر سو لفافہ
دو صد لیکر او سپر نمونہ نقشہ کو طبع کراکر بجنسہ
خزانہ مین واپس کردین - دیوان صدر مطلع ہون
کہ بعد اسٹامپ طبع شدہ اسٹامپ فروش کے
ہاتہہ فروخت کیا جاوے اور اجرت ادا نہ لیجاوے

قطعات ۱۴ | قطعات ۸
یکصد | یکصد

بعدالت صاحب

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	مضمون درخواست ابتدائی یا جس مقدمہ سے متعلق ہو [illegible]

غریب پرور سلامت — جنابعالی

روبکار کونسل بجلسی بابت باجلاس نواب جنگ
بہادر ممبر صیغہ جوڈیشل واقع تاریخ ۲۸ ماہ جنوری ۱۸۹۰ع
تہ اشتہار تعمیرات متعلقہ منیوسپلٹی جو بابت ٹہیکہ داران ہوسکی
تعمیرات کے پاس ہوکر پیش ہوا شرائط اشتہار واقعی بہت مناسب ہین
صرف دفعہ ۹ کی اور ضرورت تہی سو اوسکو اشتہار مین بڑہا دیا گیا
چونکہ اس اشتہار کا مشتہر ہونا چاہیے لہذا

حکم ہوا کہ

مہتمم مطبع کو بترسیل اصل اشتہار لکہا جاوے کہ ۱۰۰ قطعات
حسب نمونہ بمیعاد دو روز کے چہپواکر سکرٹری بورڈ کے پاس
بہیجدین اور سکرٹری بورڈ مقامات مناسب پر جسوقت چہپکر
آوین چسپان کرادین اور کوتوال شہر کو باجرای احکام لکہا جاوے
کہ حسب منشاء اشتہار تمام شہر مین آواز دہل منادی کرکر
رپورٹ تعمیل سے اطلاع دین اور بعد درخواست ہر شخص جو
بابت ٹہیکہ کام منیوسپلٹی بتوسط منیوسپل انجنیر مدعی ہو اوسپر
بہی وقت معینہ مندرجہ اشتہار پر نظر کیجاویگی منیوسپل انجنیر کو
اس حکم سے اطلاع دیجاوے اور ایک نقل روبکار ہذا معہ اشتہار
گزٹ مین شائع ہونیکے لئے بہیجی جاوے اصل روبکار معہ
کاغذات متعلقہ مثل بنابر تعمیل پاس سکرٹری بورڈ کے مرسل ہو فقط -

اشتہار

چونکہ واسطے تعمیرات متعلقہ منیوسپلٹی کے ٹہیکہ دار کی
ضرورت ہے اسواسطے اعلان بذریعہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ جو شخص

حسب شرائط ذیل کام مذکور کرنا چاہے وہ اپنی درخواست میونسپل بورڈ میں پیش کرے و نیز تفصیل کاموں کی جنکی تعمیر اکثر ہوتی رہتی ہے وہ ذیل میں درج ہیں۔

شرائط

(۱) تفصیل کاموں کی جنکی اکثر ضرورت ہوتی ہے ذیل میں درج ہے درخواست دہندہ اپنی درخواست میں اونکے نرخ مناسب لکھکر میونسپل بورڈ میں پیش کرے۔

(۲) منجملہ درخواست دہندگان کے ایک یا دو ٹھیکہ دار منتخب کیا جاویگا جسکی درخواست مناسب سمجھی جاویگی۔

(۳) پیمائش کام طیار شدہ کی معرفت میونسپل انجنیر و یا کوئی اور عہدہ دار کے ہوا کریگی اور بل بنایا جاویگا

(۴) ٹھیکہ دار کو کام موافق پسند میونسپل انجنیر بنانا ہوگا یا جس افسر کی نگرانی میں کام طیار ہوتا ہو۔

(۵) نرخ ہر کام کا موافق درخواست ٹھیکہ دار دیا جاویگا۔

(۶) وقتاً فوقتاً کام کی پیمائش ہوکر بل کا روپیہ ٹھیکہ دار کو ملتا رہیگا

(۷) اگر کسی وقت پر ٹھیکہ دار مقررہ کے کام میں کوئی خرابی یا غفلت دیکھی جاویگی تو اوسکا ٹھیکہ توڑکر بجائی اوسکے دوسرا ٹھیکہ دار مقرر کیا جاوے گا۔

(۸) پیمائش کام کی ذمہ دار میونسپل انجنیر پیمائش کنندہ و ٹھیکہ دار ہونگے

(۹) ۱۰ فروری سنہ ۱۹۱۰ تک درخواست ہر ٹھیکہ دار لیجاویگی اور اوسکے بعد نہیں لیجاویگی دیگر

تفصیل اون کاموں کی جنکی نرخ درخواست دہندہ کو اپنی درخواست میں لکھنا ہوگا۔

چنائی پختہ بڑی اینٹ کی مال ٹھیکہ دار — چنائی پختہ چھوٹی اینٹ کی مال ٹھیکہ دار

چنائی پختہ بڑی اینٹ کی اینٹ سرکار ہو — چنائی پختہ چھوٹی اینٹ کی اینٹ سرکار ہو

چنائی خام و پختہ مع اینٹ — چنائی کچی اینٹ کی — چنائی گھڑنڈی کی

پلاستر پختہ — پلاستر خام — سفیدی — چھت لکڑی کا کام صرف

لکڑی ساکھو کا کام مال ٹھیکہ دار — لکڑی دیسی کا کام مال ٹھیکہ دار

لوہے کا کام — روڑہ مع توڑائی و کوٹائی مال ٹھیکہ دار

روڑہ مع توڑائی و کوٹائی صرف مزدوری — کھرنجہ خشت ٹھیکہ دار

کھرنجہ صرف مزدوری — فرش چھت پختہ — کھپریل صرف مزدوری

کھپریل جدید مال ٹھیکہ دار — مٹی کا کام — توڑائی چنائی پختہ و خام

وارنش لکڑی پر — کنکریٹ بنیاد میں۔

محمد سعادت یار خان سکرٹری میونسپل بورڈ

روبکار کونسل مجلس ریاست رامپور اجلاس صیغہ مال واقع تاریخ ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۱۰ع

صحیح طور سے معلوم نہیں ہے کہ بابت کاغذات معاوضہ اراضی تحصیلات میں کون عہدہ دار ذمہ دار سمجھا جاتا ہے ہماری رائے میں ایک عہدہ دار کو نامزد کردینا چاہئے تاکہ جو غلطی یا توقف بابت کاغذات ہوے وہ اوس سے مواخذہ ہوا کرے لہذا آغا لنگوٹ گرد آور کو ہم ذمہ دار قرار دیتے ہیں الا عام نگرانی اور جوابدہی سے تحصیلدار حکام بھی سبکدوش نہیں ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار گزٹ میں شائع ہووے سب اہلکاران متعلق مطلع ہوں

دستخط صاحب ممبر مال بہادر

روبکار کونسل مجلسی ریاست رامپور باجلاس عام
ممبر صاحبان واقع تاریخ ۳۰ جنوری سنہ ۱۸۹۰ء

متعلق ترقی آبادی علاقہ ریاست رامپور امور ذیل مرکوز خاطر ہین

اول ایک فہرست تعیدنام مواضع و قطعات طیار ہووے جس سے معلوم ہو کہ فلان گانون کثیر الرقبہ ہے اور اوسمین بسبب جنگل ہے جو مزروعہ ہونا چاہئے یا اوسمین سے ایک جز بطور مزرعہ انفلی علیحدہ کرکے آباد کرنا چاہئے۔

دوم یہہ بات معلوم ہونی چاہئے کہ ریاست مین کون کون گانون بیچراغ ہین اور اونکی اب آبادی کس موقعہ پر بقرار دینا مناسب ہے۔

سوئم جب کوئی گانون آباد ہو تو مزارعان نو آباد کو کیا کیا حقوق دئے جاوین اور اونکے لئے آب نوشی و محفوظی از تغیر آب و ہوا کیلئے کیا کیا سبیل کیجاوے

تنبیہ واضح ہو کہ اسی عملداری مین سے ایک جگہہ کے مزروعہ جو حقوق کی لالچ سے اوٹھکر دوسرے مقام پر جاکر آباد ہوون یہہ امر بالکل ناپسندیدہ ہے۔

چہارم کس طرح سے ایک جزو رقبہ کا ایک موضع سے علیحدہ کیاجاوے اور مستاجر کو کیا تخفیف دیجاوے۔

ان سب امور پر توجہ مزید کیلئے ایک کمیٹی صاحبان حسب ذیل جمع ہوا کرے

منشی احمد یار خانصاحب ڈپٹی کلکٹر آبادی — تحصیلدار ملک

تحصیلدار حضور تحصیل — میر معز اللہ خان مستاجر

تحصیلدار — محمد احمد علیخان مستاجر

منا خان مستاجر بلاسپور

منشی محمد احمد سر رشتہ دار صدر سکرٹری

اور تاریخ اس کمیٹی کی ۱۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء یوم شنبہ مقرر ہوئی سررشتہ دار صدر تعمیل کرین روبکار درج گزٹ ہووے

ثبت دستخط

سید علی حسن

رویداد کمیٹی منعقدہ ۲۴ جنوری سنہ ۱۸۹۰ء

حسب ارشاد حکم نواب چیف سکرٹری ممبر بہادر موخہ ۲۶ نومبر سنہ ۱۸۸۹ء دربارۂ سائر خرچ محکمہ جات متعلقہ جوڈیشلی کے آج بموجودگی صاحبان ذیل کمیٹی منعقد ہوئی

صاحب اسسٹنٹ ممبر صاحب بہادر ۔ مفتی صاحب عدالت مرافعہ
مفتی صاحب عدالت دیوانی ۔ مفتی صاحب عدالت فوجداری
صاحب اپیل اسسٹنٹ کونسل

دیوانصاحب صدر نے نقشہ سائر خرچ محکمہ جات کا بناکر بھیجدیا تھا۔ جو دسمبر سنہ ۸۹ء مین سائر خرچ دیا گیا اوسپر بھی نظر کیگئی بالاتفاق قرار پایا کہ ٹھیکہ سائر خرچ کا اب تک جن جن محکمہ جات مین ہے وہ قطعاً توڑ دیا جاوے۔ ٹھیکہ رہنا نامناسب ہے کیونکہ ٹھیکہ دار اپنی نفع کیلئے ضرور قلت کریگا اور چیزین خراب صرف ہونگی۔

بلکہ یہہ طریقہ ہو کہ ہر عدالت کیلئے ایک رقم معین ہو جاوے اور تنخواہ کے ساتھہ وہ بھی حاکم عدالت کو دیا کرے حاکم عدالت کو اختیار ہے کہ جس طریقے پر مناسب جانے بندوبست سائر خرچ کا کرے اور اوسکا حساب ہوار مرتب ہوا کرے۔

عدالت مرافعہ کیلئے دس روپیہ ماہوار سائر خرچ کثرت رائے سے
قرار پایا اسمین کاغذ قلم سیاہی اجرت طبع فیتہ لبستہ رجسٹر
روزنامچہ ڈاک بھی وغیرہ چیزین داخل ہین۔
خرچ غیر معمولی مثل فرش وچلمن وغیرہ علاوہ اسکے ہے۔
اب تک عدالت مرافعہ کا سائر خرچ مدہ تہا اور متفرق در خرچ
مجرائی علاوہ ہوتی تھی۔ اور کمی پڑتی تہی اسلئے اب دس روپیہ کیلئے
لیکن حساب اسکا ماہوار سررشتہ دار جایا کریگا۔ اور دستخط حکم
عدالت پر بلاجانچ آڈٹ منظور ہوا کرے ایسے مختصر حساب کیلئے
آڈٹ کی جانچ کا جھگڑا نہ کیا جاوے۔ ماہوار کا حساب کاغذی
ہر محکمہ سے جایا کرے اور جو ہر محکمہ مین پس انداز ہو وہ بھی
محکمے مین رہے۔ سال بھر کے بعد البتہ جو رقم باقی ہے وہ
داخل خزانہ سرکار ہو۔
اور عدالت دیوانی کیلئے پندرہ روپیہ ماہوار کثرت رائے سے قرار پائے۔
اور عدالت فوجداری کیلئے بیس روپیہ علاوہ لبستہ جات
وفیتہ محافظ خانہ کے کثرت رای سے قرار پائی اور نیز یہ بھی قرار پایا
کہ کوٹ انسپکٹر بابتہ پولس مین اونکو صاحب مجسٹریٹ کے یہان سے
کوئی خرچ نہ ملے۔ بلکہ وہ پولس سے لیا کرین۔
کثرت رای سے عدالت خفیفہ کیلئے دس روپیہ ماہوار قرار پایا
رجسٹری کیلئے تین روپیہ ماہوار قرار پائی اور رجسٹر جب آیندہ
طبع ہو جائین تو پانچ روپیہ ماہوار خرچ مقرر کیا جائے۔

دستخط مولوی محمد لطف اللہ صاحب — دستخط محمد اصغر علیخان صاحب
حاکم مرافعہ — اسسٹنٹ صاحب بہادر صیغہ مال

دستخط مولوی محمد عبد القادر خان صاحب — دستخط شیخ محمد فرید الزمان صاحب
مفتی دیوانی — رجسٹرار

دستخط مولوی محمد ظہور الحق صاحب — دستخط محمد ہادی حسن خان صاحب
حاکم عدالت خفیفہ — مفتی فوجداری

بلحاظ غلبہ آرا اتفاق ہے۔
دستخط قاضی زکی الدین احمد صاحب اسپشل اسسٹنٹ
خادم کلیم

دستخط منشی محمد احمد صاحب سررشتہ دار صدر

بعد ملاحظہ ——— حکم ہوا کہ
رائے ممبران کمیٹی بابت سائر خرچ عدالت ہائے متعلقہ
منظور ہے سررشتہ دار اس روئداد کمیٹی واجب التعمیل کو
گزٹ مین شائع کرادین اور دیوان صدر کو اس حکم سے
اطلاع دیجادے۔

شرح دستخط
نواب یار جنگ

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور از ... جنوری لغایت ... فروری ۱۸۹۰ع

کیفیت	تفصیل مذہب		تفصیل عمر								تفصیل مذہب		میزان	پیدائش				نام مقامات
			میزان		۱۳ اور زیادہ		۶ و ۱۲		کم از ۵					عورت		مرد		
	مسلمان	ہندو	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	
	۱۳	۸	۱۰	۱۱	۷	۸	۱	۰	۲	۳	۲۷	۱۱	۳۸	۹	۶	۱۸	۵	[illegible]
	۴	۱۳	۹	۸	۴	۶	۳	۰	۲	۲	۸	۲۲	۳۰	۵	۱۵	۳	۷	شاہ آباد
	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۰	۰	۰	۰	۸	۱۳	۲۱	۳	۷	۵	۶	ملک
	۱	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۲	۰	۲	۰	۰	۲	۰	بلاسپور
	۱۳	۱۵	۱۰	۱۸	۸	۱۴	۱	۰	۱	۴	۲۱	۲۱	۴۲	۹	۸	۱۳	۱۳	سوار
	۱۳	۱۸	۱۹	۱۲	۷	۳	۱	۰	۱۱	۹	۱۱	۹	۲۰	۱	۲	۱۰	۷	ٹانڈہ
	۴۵	۵۵	۴۹	۵۱	۳۰	۳۴	۶	۰	۱۹	۱۶	۸۷	۶۷	۱۵۴	۲۵	۲۰	۵۰	۳۹	میزان

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۴ جنوری لغایت ۱۰ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۴ ۱۰ ار	۱۴ ۱ ار	۰	۱۳ ۱ ار	۱۵ ۱ ار	۱۳ ۱ ار	
نخود خاص	۱۹ ۱۰ ار	۲۲ ۱۰ ار	۰	۲۰ ۱ ار	۲۰ ۱ ار	۲۲ ۱ ار	
نخود آمیز	۲۱ ۱۰ ار	۲۳ ۱ ار	۰	۰	۲۲ ۱۰ ار	۰	
کسنہ	۲۳ ۱ ار	۰	۰	۰	۰	۲۲ ۱ ار	
ماش	۱۷ ۱ ار	۱۸ ۱ ار	۰	۱۵ ۱ ار	۱۵ ۱ ار	۱۵ ۱ ار	
مونگ	۱۵ ۱ ار	۱۴ ۱ ار	۰	۱۴ ۱ ار	۱۴ ۱۰ ار	۱۴ ۱ ار	
کودی	۲۳ ۱ ار	۲۰ ۱ ار	۰	۲۵ ۱ ار	۲۵ ۱ ار	۲۰ ۱ ار	
جئی	۲۶ ۱۰ ار	۲۴ ۱ ار	۰	۰	۲۵ ۱ ار	۳۰ ۱ ار	
ملکس	۲۳ ۱ ار	۲۰ ۱ ار	۰	۲۲ ۱۰ ار		۳۰ ۱ ار	
ارہر	۲۶ ۱ ار	۲۲ ۱۰ ار	۰	۲۰ ۱ ار		۳۰ ۱ ار	
برنج	۱۳ ۱ ار	۱۳ ۱ ار	۰	۱۲ ۱۰ ار	۱۲ ۱۰ ار	۱۳ ۱ ار	
مکا	۰	۰	۰	۲۳ ۱ ار	۲۵ ۱ ار	۲۳ ۱ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۳۰	۱۸ ۱ ار	
روغن زرد	۱ ار	۱ عہ	۰	۱ عہ ار	۱ ار	۱ عہ ار	
روغن سادہ	۲ عہ ار	۳ ار	۰	۳ ار	۳ ار	۳ عہ	
روغن کنجد	۲ عہ ار	۳ ار	۰	۳ عہ		۳ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۷ ار	۰	۷ ار	۷ ار	۷ ار	
نمک سانبھر	۸ ۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا